حکومت پاکستان

(ریونیوڈویژن)

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

☆☆☆☆☆

اسلام آباد، 04 فروری 2019

نوٹیفیکیشن

(سیلز ٹیکس)

☆☆☆☆

ایس آر او 2019/(1)180:- فیڈرل ایکسائز ایکٹ 2005 کی دفعہ 4 کی ذیلی دفعہ (1) اور دفعات 40 اور 45A, کسٹم ایکٹ 1969 (1969 کا IV) کی دفعہ 219 ، سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کی دفعہ 50، بشمول دفعہ (8) کی ذیلی دفعہ (2)، دفعہ (8) کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (b)، دفعہ 8B کی ذیلی دفعہ (2) کی شق (ii)، دفعات 9، 10، 14، 21 اور 28، دفعہ (22) کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (c)، دفعہ (23) کی ذیلی دفعہ (1) کے پہلے شرطیہ فقرے، دفعہ (26)، دفعہ (27) کی شق (a)، دفعہ (33)، دفعہ 40C، دفعہ (47A) کی ذیلی دفعہ (6)، دفعات 48، 50A، 52، 52A، اور 66 کے تحت دیے گئے اختیارات کو استعمال کرتے فیڈرل بورڈ آف ریونیو سیلز ٹیکس رولز 2006 میں مندرجہ ذیل مزید ترامیم کرے گی۔

متذکرہ رولز میں:-

(a) رول نمبر 150ZEA میں موجودہ پرووِیژن کو ذیلی رول (1) کا نمبر دیا جائے گا اور مندرجہ ذیل نئے ذیلی رول کا اضافہ کیا جائے گا۔

"(2) ذیلی رول (1) میں مذکورہ کم تر ریٹ کا اطلاق اس فروخت پر نہیں ہوگا جو کہ کسی فروخت کے مقام (point of sale) پر ریکارڈ نہ کیا گیا ہو اور بورڈ کے کمپیوٹرائزڈ سسٹم کو اس طریقے سے ترسیل نہ کی گئی ہو جس طرح رول نمبر 150ZEB میں دیا گیا ہے،" اور

(b) رول نمبر 150ZEB میں:-

(i) ذیلی رول (4) کی شق (g) کی ذیلی شق (v) کو حذف کر دیا جائے گا؛

(ii) ذیلی رول (5) کی شق (k) میں الفاظ "کریڈٹ کارڈ کی صورت میں گاہک کا نام اور دیگر متعلقہ تفصیلات" کو حذف کر دیا جائے گا۔

(iii) ذیلی رول (13) میں الفاظ "تین مہینے" کو الفاظ "ایک مہینہ" سے تبدیل کیا جائے گا؛ اور

(iv) ذیلی رول (17) کے بعد مندرجہ ذیل ذیلی رولز کا اضافہ کیا جائے گا:-

"(18) رجسٹرڈ ڈومین نام کے تحت ہوسٹ کی جانے والی ویب سائٹس کے ذریعے کی جانے والی آن لائن فروخت کسی اعلان کردہ دکان کے فروختگی کے مقام پر کی جانے والی فروخت مانی جائے گی اور یہ فروخت اس رول کے دائرہ اختیار میں آئے گی، اور یہ کہ ذیلی رول (5) میں دی گئی تصریحات کے مطابق فروخت کا حساب کتاب بورڈ کی کمپیوٹرائزڈ نظام میں ایک مقررہ ارتباطی سافٹ ویئر کے ذریعے منتقل کیا جائے گا اور ذیلی رول (6) میں دی گئی تصریحات کے مطابق گاہک کو فروختگی کی رسید جاری کی جائے گی۔ ایسی کوئی ویب سائٹ یا ویب سائٹس کمپیوٹرائزڈ نظام کے ساتھ درج ذیل تفصیلات کے ساتھ رجسٹرڈ کی جائیں گی:-

(a) ڈومین نام

(b) ڈومین نام کا فراہم کنندہ

(c) ویب سائٹ کا انتظام و انصرام کرنے والے خدمات دہندہ کا نام

(d) ترسیلی مراکز اور گوداموں کے پتے

(19) سوشل میڈیا پورٹیلز کے تحت ہونے والی فروخت کو بھی ذیلی رول کے تحت فروخت مانا جائے گا اگر یہ فروخت فروختگی کے مقام پر ریکارڈ ہو رہی ہیں اور ذیلی رول (5) اور (6) کا ان پر اطلاق ہو رہا ہو۔

(ایف نمبر(105 (66) SS (L-A&R)/2018)

(توقیر احمد)

سیکریٹری (ایس ٹی اینڈ ایف ای - بجٹ)